2017 (A)

رول نمبر ______________

## انٹرمیڈیٹ امتحان پارٹ - I ( کلاس گیارھویں )

اردو ( لازمی ) پرچہ - پہلا

وقت = 2.40 گھنٹے

گروپ - پہلا

**انشائیہ**

کل نمبر = 80

نوٹ۔ جوابی کاپی پر وہی سوال نمبر اور جزو نمبر درج کیجیے جو سوالیہ پرچے میں درج ہے۔

### حصہ اول

2۔ (الف) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے۔ نظم کا عنوان اور شاعر کا نام بھی تحریر کیجیے۔ 10 = 1 + 1 + 8

تُو مقصدِ تخلیق ہے، تُو حاصلِ ایماں — جو تجھ سے گریزاں، وہ خدا سے ہے گریزاں

کردار کا یہ حال، صداقت ہی صداقت — اَخلاق کا یہ رنگ کہ قرآں ہی قرآں

(ب) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے اور شاعر کا نام بھی تحریر کیجیے۔ 10 = 1 + ( 3 x 3)

عدم کے کوچ کی لازم ہے فکر، ہستی میں — نہ کوئی شہر، نہ کوئی دیار، راہ میں ہے

نہ بدرقہ ہے، نہ کوئی رفیق ساتھ اپنے — فقط عنایتِ پروردگار، راہ میں ہے

سفر ہے شرط، مسافر نواز بہتیرے — ہزار ہا شجرِ سایہ دار، راہ میں ہے

### حصہ دوم

3۔ سیاق وسباق کے حوالے سے کسی ایک جزو کی تشریح کیجیے۔ مصنف کا نام اور سبق کا عنوان بھی تحریر کیجیے۔ 15 = 1 + 1 + 10 + 3

(الف) تمام تجربوں سے ثابت ہوا ہے کہ کسی ملک کی خوبی وعمدگی اور قدر ومنزلت بہ نسبت وہاں کی گورنمنٹ کے عمدہ ہونے کے زیادہ تر اس ملک کی رعایا کے چال چلن، اخلاق وعادت، تہذیب وشائستگی پر منحصر ہے، کیوں کہ قوم شخصی حالتوں کا مجموعہ ہے اور ایک قوم کی تہذیب درحقیقت ان مرد وعورت وبچوں کی شخصی ترقی ہے، جن سے وہ قوم بنی ہے۔

(ب) وہ مجھ سے کارڈ لے کر یوں چلا جیسے دنیا جہان کی دولت سمیٹے جا رہا ہے۔ میں نے کارڈ پر لکھ دیا تھا۔ جبار صاحب! اس کا کام کر دیجیے، بے چارا بڑا ہی غریب آدمی ہے۔ دعائیں دے گا۔ اور مجھے یقین تھا کہ کام ہو جائے گا۔ ڈاکٹروں کو صرف اتنا ہی تو دیکھنا تھا کہ آنکھ پوری طرح بجھ گئی ہے یا تھوڑی بہت رمق باقی ہے۔

4۔ مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ لکھیے اور مصنف کا نام بھی تحریر کیجیے۔ 10 = 1 + 9

(i) ادیب کی عزت (ii) لاہور کا جغرافیہ

5۔ نظیر اکبر آبادی کی نظم " تسلیم ورضا " کا خلاصہ تحریر کیجیے۔ 5

6۔ دو سہیلیوں کے درمیان " فیشن " کے موضوع پر مکالمہ لکھیے۔ یا 10

آپ کے کالج میں ہونے والی " محفلِ میلاد " کی روداد تحریر کیجیے۔

7۔ کمشنر کے نام حصولِ ملازمت کے لیے درخواست تحریر کیجیے۔ 10

8۔ درج ذیل عبارت کی تلخیص کیجیے اور اس کا موزوں عنوان بھی تجویز کیجیے۔ 10 = 2 + 8

استاد کی بارگاہ اُس عہد کا ایک ایسا دبستانِ شعر وادب تھا جس سے استفادہ کرنے والے ادبی اور فنی نکات سیکھتے تھے۔ شعر کے حسن وقبح سے آگاہ ہوتے تھے۔ خیال، جذبے، تجربے اور زبان کی لطافتوں اور نزاکتوں کی پہچان کرتے تھے۔ استاد بالعموم اپنے چھوٹے سے گھر کی چھوٹی سی انگنائی میں کھری چارپائی پر بیٹھے حقہ گڑگڑاتے رہتے تھے۔ کتاب دیکھتے رہتے تھے، اشعار لکھتے رہتے تھے، شاگردوں کے کلام پر اصلاح دیتے رہتے تھے۔ شام کو گھر سے باہر تیس ہزاری باغ یا نہر کے کنارے گھنٹوں ٹہلتے رہتے تھے۔

edudivision.edu.pk

Paper Code Number: 2021

2017 (A)

رول نمبر ____________

انٹرمیڈیٹ امتحان پارٹ - I ( کلاس گیارہویں )

اردو ( لازمی ) پرچہ - پہلا

وقت = 20 منٹ

گروپ - پہلا

## معروضی

کل نمبر = 20

نوٹ۔ ہرسوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہرسوال کے سامنے دیے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔ Bubbles پُر نہ کرنے کی صورت میں کوئی نمبر نہیں دیا جائے گا۔ اس سوالیہ پرچہ پر سوالات ہرگز حل نہ کریں۔

سوال نمبر 1۔

(1) ایک مسلمان کی کامیابی اور روحانی تکمیل کے لیے:۔ (A) سنت نبویؐ ہے (B) اُسوۂ اسلاف ہے (C) اسوۂ صحابہؓ ہے (D) اسوۂ انبیا ہے

(2) خدا اُن کی مدد کرتا ہے جو آپ اپنی مدد کرتے ہیں۔ (A) کہاوت ہے (B) نہایت عمدہ اور آزمودہ مقولہ ہے (C) ضرب المثل ہے (D) محاورہ ہے

(3) سرسید کی مرغوب غذا تھی۔ (A) کھیر (B) دال (C) گوشت (D) جو مل جائے

(4) ابوالقاسم زہراوی تھا۔ (A) ماہر تعمیرات (B) سائنس دان (C) ماہر تعلیم (D) ماہر قانون

(5) لاہور کے ہر مرقع نچ میں موجود ہے۔ (A) ہوٹل (B) کالج (C) انجمن (D) سکول

(6) لڑکوں نے تاش ______ (A) کھیلی (B) کھیلے (C) کھیلا (D) کھیلائے

(7) لڑکوں نے اودھم مچا ______ (A) رکھی ہے (B) رکھا ہے (C) رکھے ہیں (D) رکھیں ہیں

(8) رضوان ______ املا درست ہے۔ (A) کی (B) کے (C) کا (D) کو

(9) پیاز کس بھاؤ ______ (A) بک رہا ہے (B) بک رہی ہے (C) بک رہے ہیں (D) بک رہیں ہیں

(10) محمد اعظم نے حلف ______ (A) لیا (B) لی (C) لیئے (D) لیں

(11) ارکان تشبیہ ہیں۔ (A) دو (B) چار (C) پانچ (D) تین

(12) " دُلہن چاند کی طرح خوبصورت ہے " اس جملے میں چاند ہے۔ (A) مشبہ بہ (B) مشبہ (C) حرف تشبیہ (D) وجہ تشبیہ

(13) سہ " آرہی ہے چاہِ یوسف سے صدا دوست یاں تھوڑے ہیں اور بھائی بہت " اس شعر میں چاہِ یوسف ہے۔ (A) تشبیہ (B) استعارہ (C) تلمیح (D) محاورہ

(14) استعارہ میں لفظ استعمال ہوتا ہے۔ (A) حقیقی معنوں میں (B) مجازی معنوں میں (C) لغوی معنوں میں (D) اصلی معنوں میں

(15) ع " کس شیر کی آمد ہے کہ رن کانپ رہا ہے " اس مصرعے میں شیر ہے۔ (A) مستعار لہ (B) مستعار منہ (C) وجہ جامع (D) وجہ شبہ

(16) غزل کا پہلا شعر جس کے دونوں مصرعے ہم قافیہ اور ہم ردیف ہوں، کہلاتا ہے۔ (A) مقطع (B) ردیف (C) مطلع (D) قافیہ

(17) " ردیف " کے لغوی معنی ہیں۔ (A) گھڑسوار (B) گھڑسوار کے آگے بیٹھنے والا (C) گھڑسوار کے آگے جانے والا (D) گھڑسوار کے پیچھے بیٹھنے والا

(18) شعر " نہیں کھیل اے داغؔ یاروں سے کہہ دو کہ آتی ہے اردو زباں آتے آتے " یہ شعر کہلاتا ہے۔ (A) مقطع (B) مطلع (C) قافیہ (D) ردیف

(19) شعر " پھرے راہ سے وہ یہاں آتے آتے اجل مر رہی تو کہاں آتے آتے " اس شعر میں قافیے ہیں۔ (A) آتے آتے (B) یہاں کہاں (C) اجل (D) راہ

(20) مطلع کا لغوی معنی ہے۔ (A) کاٹنے کی جگہ (B) طلوع ہونے کی جگہ (C) پے در پے آنے والا (D) پیچھے پیچھے آنے والا

eduvision.edu.pk

رول نمبر ________ 2017 (A)

انٹرمیڈیٹ امتحان پارٹ - I ( کلاس گیارھویں )

اردو ( لازمی ) پرچہ - پہلا وقت = 2.40 گھنٹے

گروپ - دوسرا **اِنشائیہ** کل نمبر = 80

نوٹ۔ جوابی کاپی پر وہی سوال نمبر اور جزو نمبر درج کیجیے جو سوالیہ پرچے میں درج ہے۔

## حصہ اول

2۔ (الف) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے۔ نظم کا عنوان اور شاعر کا نام بھی تحریر کیجیے۔ 10 = 1 + 1 + 8

اشکوں سے ترے، دین کی کھیتی ہوئی سیراب — فاقوں نے ترے، دہر کو بخشا سروساماں
انسان کو شائستہ و خوددار بنایا — تہذیب و تمدن، ترے شرمندۂ احساں

(ب) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے اور شاعر کا نام بھی تحریر کیجیے۔ 10 = 1 + ( 3 x 3)

نہ جانا کہ دنیا سے جاتا ہے کوئی — بہت دیر کی، مہرباں آتے آتے
سنانے کے قابل جو تھی بات ان کو — وہی رہ گئی، درمیاں آتے آتے
مرے آشیاں کے تو تھے چار تنکے — چمن اُڑ گیا، آندھیاں آتے آتے

## حصہ دوم

3۔ سیاق وسباق کے حوالے سے کسی ایک جزو کی تشریح کیجیے۔ مصنف کا نام اور سبق کا عنوان بھی تحریر کیجیے۔ 15 = 1 + 1 + 10 + 3

(الف) بادشاہ ہویا گدا، امیر ہویا غریب، حاکم ہویا محکوم، قاضی ہویا گواہ، افسر ہویا چپراسی، استاد ہویا شاگرد، عابد وزاہد ہویا کاروباری، غازی ہویا شہید، توحید کا نور، اخلاص کی رو، قربانی کا ولولہ، خلق کی ہدایت اور راہنمائی کا جذبہ اور بالآخر ہر کام میں خدا کی رضا طلبی کا جوش ہر ایک کے اندر کام کر رہا تھا۔ وہ جو کچھ بھی ہو، جہاں بھی ہو، یہ فیضانِ حق سب میں یکساں اور برابر تھا۔ راستوں، رنگوں اور مذاقوں کا اختلاف تھا مگر خدا ایک تھا، قرآن ایک تھا، رسول ایک تھا اور قبلہ ایک تھا۔

(ب) قمرا اپنے اوپر جھنجلا رہے تھے۔ دعوتی کارڈ پا کر وہ پھولے نہ سمائے تھے لیکن یہاں آ کر ان کی جس قدر تذلیل ہوئی اُس کو دیکھ کر اپنا اطمینان کا جھونپڑا جنت سے کم نہ تھا۔ انہوں نے اپنے آپ کو طعن کی "تمہارے جیسے عزت کے ہوس مندوں کی یہی سزا ہے۔ اب تو آنکھیں کھلیں کہ تم کتنی عزت کے مستحق ہو۔ تم خود اس غرض مند دنیا میں کسی کے کام نہیں آ سکتے۔ وکیل تمہارا احترام کیوں کریں؟ تم ان کے موکل نہیں ہو سکتے۔ ڈاکٹر اور حکیم تمہاری طرف کیوں دیکھیں؟ انھیں بغیر فیس کے گھر آنے کی ضرورت نہیں۔ تم لکھنے کے لیے بنے ہو۔ لکھتے جاؤ۔ اس دنیا میں تمہارا اور کوئی مصرف نہیں۔"

4۔ مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ لکھیے اور مصنف کا نام بھی تحریر کیجیے۔ 10 = 1 + 9

(i) سفارش (ii) اپنی مدد آپ

5۔ حفیظ جالندھری کی نظم " بلالِ استقلال " کا خلاصہ تحریر کیجیے۔ 5

6۔ مالک مکان اور کرایہ دار کے درمیان " ملک میں بڑھتی ہوئی مہنگائی " کے موضوع پر مکالمہ لکھیے۔ **یا** 10

ایک تفریحی سفر کی روداد قلم بند کیجیے۔

7۔ پرنسپل کے نام جرمانے کی معافی کی درخواست تحریر کیجیے۔ 10

8۔ درج ذیل عبارت کی تلخیص کیجیے اور اس کا موزوں عنوان بھی تجویز کیجیے۔ 10 = 2 + 8

وہ پارس پتھر جس کا ذکر ہم نے شروع میں کیا تھا، علم ہے۔ صاحب علم کسی چیز کو ہاتھ لگاتا ہے تو وہ سونا بن جاتی ہے۔ آسمان، ستارے اور چاند ہم روز دیکھتے ہیں مگر جب علمِ نجوم جاننے والا انہیں دیکھے گا تو اس کے سامنے یہ ستارے اور چاند ایک کتاب بن جائیں گے۔ اس کے لیے نیلا آسمان ایک سمندر ہوگا، جہاں سے وہ علم کے موتی نکالے گا۔ نباتات کا علم ہمیں سبزیوں کے بارے میں بتاتا ہے۔ جمادات اور کیمیا کا علم ہی ہے جس سے آج دنیا کو اتنی تہذیب اتنا تمدن ملا ہے زندگی کا خزانہ بھر گیا ہے۔ انسان قدرت کی طاقتوں سے سونا بنا رہا ہے۔ نفسیات کا علم ذہن کی خوابیدہ طاقتوں کو بیدار کر رہا ہے۔ وہ انسانوں کے اندر ایک ایسی قوت پیدا کرتا ہے جس سے وہ ساری کائنات پر چھا سکتا ہے۔

eduvision.edu.pk

Paper Code Number: 2022

2017 (A)

رول نمبر ____________

انٹرمیڈیٹ امتحان پارٹ - I ( کلاس گیارہویں )

اردو ( لازمی )  پرچہ - پہلا

وقت = 20 منٹ

گروپ - دوسرا

**معروضی**

کل نمبر = 20

نوٹ۔ ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔ Bubbles پُر نہ کرنے کی صورت میں کوئی نمبر نہیں دیا جائے گا۔ اس سوالیہ پرچہ پر سوالات ہرگز حل نہ کریں۔

سوال نمبر 1۔

(1) طبقۂ انسانی کے لیے _____ کی سیرت ہدایت کا نمونہ اور ذریعہ نجات ہے۔
(A) انبیا کرامؑ (B) رسول اللہؐ (C) صحابہ کرامؓ (D) اولیاء اللہ

(2) جیسا مجموعہ قوم کے چال چلن کا ہوتا ہے، اسی کے موافق ہوتی ہے۔
(A) ملت (B) قوم (C) گورنمنٹ (D) نیچر

(3) حضرت قمر کو دعوت میں مدعو کیا تھا۔
(A) چودہری صاحب نے (B) وزیر صاحب نے (C) شاہ صاحب نے (D) راجا صاحب نے

(4) سبق " اوورکوٹ " میں نوجوان نے پان بیڑی والے سے چینج مانگا۔
(A) دس کا (B) پچاس کا (C) سو کا (D) ہزار کا

(5) فیقا اپنے باپ کو علاج کے لیے لے کر گیا۔
(A) جناح ہسپتال میں (B) میو ہسپتال میں (C) گنگارام ہسپتال میں (D) جنرل ہسپتال میں

(6) " مطلع " لفظ ہے۔
(A) عربی زبان کا (B) ہندی زبان کا (C) فارسی زبان کا (D) ترکی زبان کا

(7) اصطلاح میں _____ شعر غزل کا مطلع ہوتا ہے۔
(A) پہلا (B) دوسرا (C) آخری (D) آخری سے پہلا

(8) غزل کے اشعار میں ضروری ہے۔
(A) ردیف (B) قافیہ (C) مقطع (D) استعارہ

(9) " گُل کو ہوتا صبا قرار اے کاش! رہتی اک آدھ دن بہار اے کاش! " اس شعر میں " اے کاش " ہے۔
(A) قافیہ (B) مقطع (C) استعارہ (D) ردیف

(10) مقطع کے لیے ضروری ہے۔
(A) تلمیح و تشبیہ (B) تخلص اور آخری شعر (C) ردیف (D) دونوں مصرعے ہم قافیہ

(11) تشبیہ کی نشان دہی کیجیے۔
(A) چاند چہرہ (B) ابن مریم (C) آب حیات (D) پھولوں جیسا نازک

(12) " ایک ہی صف میں کھڑے ہو گئے محمود و ایاز " میں ہے۔
(A) تشبیہ (B) استعارہ (C) تلمیح (D) توقیہ

(13) " عابد شیر ہے " میں " عابد " ہے۔
(A) مستعار منہ (B) مستعار لہٗ (C) وجہ جامع (D) تلمیح

(14) تلمیح کی نشان دہی کیجیے۔
(A) پیر کنعاں (B) چاند جیسا (C) رواں، دواں (D) آتے آتے

(15) استعارہ کا رکن ہے۔
(A) مشبہ (B) طرفین تشبیہ (C) وجہ جامع (D) حرف تشبیہ

(16) مضروب کو بہت دیر بعد ہوش _____
(A) آئی (B) آئے (C) آیا (D) آئیں

(17) تلوار _____ نیام خوب صورت ہے۔
(A) کی (B) کا (C) کو (D) کیں

(18) اُسے قبض _____
(A) رہتی ہے (B) رہتے ہیں (C) رہتی ہیں (D) رہتا ہے

(19) گرم چیزیں کھانے سے پرہیز _____
(A) کرنی چاہیے (B) کرنا چاہیے (C) کرنے چاہیے (D) کرنی چاہییں

(20) ضد _____ اچھی بات نہیں۔
(A) کرنے (B) کرنی (C) کرو (D) کرنا



eduvision.edu.pk

## BOARD OF INTERMEDIATE AND SECONDARY EDUCATION, MULTAN

## OBJECTIVE KEY FOR INTER (PART-I / ~~II~~) Annual Examination, 2017.

Name of Subject: اردو لازمی

Session: 2017

**Group: 1st**

| Q. Nos. | Paper Code 2021 | Paper Code 2023 | Paper Code 2025 | Paper Code 2027 |
|---|---|---|---|---|
| 1. | A | C | C | C |
| 2. | B | D | A | B |
| 3. | D | A | C | C |
| 4. | B | B | B | B |
| 5. | C | B | B | A |
| 6. | C | A | C | C |
| 7. | B | B | D | A |
| 8. | C | D | A | C |
| 9. | B | B | B | B |
| 10. | A | C | B | B |
| 11. | C | C | A | C |
| 12. | A | B | B | D |
| 13. | C | C | D | A |
| 14. | B | B | B | B |
| 15. | B | A | C | B |
| 16. | C | C | C | A |
| 17. | D | A | B | B |
| 18. | A | C | C | D |
| 19. | B | B | B | B |
| 20. | B | B | A | C |

**Group: 2nd**

| Q. Nos. | Paper Code 2022 | Paper Code 2024 | Paper Code 2026 | Paper Code 2028 |
|---|---|---|---|---|
| 1. | B | C | D | A |
| 2. | C | B | C | A |
| 3. | D | D | B | B |
| 4. | A | B | A | D |
| 5. | B | D | C | B |
| 6. | A | B | C | D |
| 7. | A | C | B | C |
| 8. | B | D | D | B |
| 9. | D | A | B | A |
| 10. | B | B | D | C |
| 11. | D | A | B | C |
| 12. | C | A | C | B |
| 13. | B | B | D | D |
| 14. | A | D | A | B |
| 15. | C | B | B | D |
| 16. | C | D | A | B |
| 17. | B | C | A | C |
| 18. | D | B | B | D |
| 19. | B | A | D | A |
| 20. | D | C | B | B |

eduvision.edu.pk